یونٹ 2

سسٹم ریکوری اینڈ مینٹیننس

حاصلات تعلم:

اس باب کے اختتام تک، آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- پوسٹ ٹربل شوٹنگ مینٹیننس کی تعریف کر سکیں اور سسٹم میں بار بار پیدا ہونے والے مسائل کی روک تھام میں اس کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- ٹاسک مینیجر، ریسورس مانیٹر، اور سسٹم لاگز کا جائزہ لے کر CPU، میموری، اور ڈسک کے استعمال کی نگرانی کر سکیں، اور نان ریسپونسو ایپلیکیشنز کو ختم کر سکیں۔
- ونڈوز کو سیف موڈ (Safe Mode) میں شروع کر سکیں اور وضاحت کر سکیں کہ یہ موڈ کب کارآمد ہوتا ہے۔
- سسٹم کو پچھلی کام کرنے والی حالت میں واپس لانے کے لیے ری سٹور پوائنٹ بنا اور استعمال کر سکیں۔
- سسٹم ریسٹور اور سسٹم ری سیٹ کے درمیان فرق بتا سکیں، اور شناخت کر سکیں کہ ہر ایک کو کب استعمال کرنا ہے۔
- بوٹ ایبل ریکوری میڈیا (Bootable Recovery Media) کے مقصد اور اس کی ضرورت کی وضاحت کر سکیں۔
- روفس (Rufus) یا ونڈوز کے بلٹ ان ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے، درست پارٹیشن سٹائل (GPT یا MBR) کا انتخاب کرتے ہوئے، ایک بوٹ ایبل USB بنا سکیں۔
- GPT اور MBR کے درمیان فرق کی شناخت کر سکیں اور کسی ڈسک کے پارٹیشن سٹائل کو چیک کر سکیں۔
- سسٹم سٹارٹ اپ میں BIOS اور UEFI کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- پاور-آن سیلف-ٹیسٹ (POST) کے عمل اور اس کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔
- BIOS/UEFI سیٹنگز تک رسائی حاصل کر کے بوٹ آرڈر کو تبدیل کر سکیں یا ڈیفالٹس پر ری سیٹ کر سکیں۔
- بلٹ ان ٹولز کے ساتھ ساتھ ٹینورشیئر (Tenorshare) جیسے تھرڈ پارٹی ریکوری ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے ڈیلیٹ شدہ فائلوں کو ری کور کر سکیں۔
- عارضی اور غیر ضروری فائلوں کو ختم کرنے کے لیے ڈسک کلین اپ کر سکیں۔
- سیکورٹی اور استحکام کو بہتر بنانے کے لیے سافٹ ویئر اپ ڈیٹس (Patch Management) کا اطلاق کر سکیں۔
- ونڈوز ڈیفنڈر کا استعمال کرتے ہوئے وائرس سکین چلا سکیں اور ریئل ٹائم پروٹیکشن کو فعال کر سکیں۔
- باقاعدہ اپ ڈیٹس، کلین اپس، اور سکینز کو شیڈول کرنے کے لیے ایک مینٹیننس کیلنڈر بنا سکیں۔
- معیاری ٹیمپلیٹ کا استعمال کرتے ہوئے ریپئر اور اپ ڈیٹ لاگز کو برقرار رکھ سکیں۔
- درست سسٹم مینٹیننس ریکارڈز رکھنے کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں۔

انشائی طرز سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے انشائی طرز سوالات

تعارف

سوال: آپ ٹربل شوٹنگ کے تصور کی وضاحت کیسے کریں گے؟

جواب: اس باب میں، ہم وضاحت کریں گے کہ کمپیوٹر سسٹم کی خرابی دور کرنے کے بعد اسے کیسے برقرار رکھا جائے اور بحال کیا جائے۔ آپ ٹاسک

www.ilmkidunya.com

مینیجر، ریسورس مانیٹر، اور ایونٹ ویوور جیسے ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے سسٹم کی صحت کی نگرانی کرنا سیکھیں گے، اور سیف موڈ، سسٹم ریسٹور، اور بوٹ ایبل ڈرائیوز جیسے ریکوری آپشنز کا جائزہ لیں گے۔ یہ باب سسٹم اسٹارٹ اپ میں بیسک ان پٹ آؤٹ پٹ سسٹم (BIOS) اور یونیفائیڈ ایکسٹینسیبل فرم ویئر انٹرفیس (UEFI) کے کردار، ڈیٹا ریکوری کی آسان تکنیکوں، اور ڈسک کلین اپ، اپ ڈیٹس، اور وائرس اسکین جیسے اہم احتیاطی امور بحالی سے بھی متعارف کرواتا ہے۔ اس باب کے آخر تک، آپ سمجھ جائیں گے کہ کمپیوٹر سسٹم کو کس طرح ہموار طریقے سے چلانے اور عام ریکوری کے کاموں کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے سسٹم لاگز اور مینٹیننس ریکارڈز کو کیسے رکھا جاتا ہے۔

2.1 پوسٹ ٹربل شوٹنگ کا تعارف

سوال 1: ٹربل شوٹنگ اور پوسٹ ٹربل شوٹنگ کی تعریف کریں۔ نیز مسلسل مینٹیننس کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: ٹربل شوٹنگ:

ٹربل شوٹنگ ایک ایسا عمل ہے جس میں کمپیوٹر سسٹم کو ری اسٹارٹ کرنا، فزیکل کنکشنز کو چیک کرنا اگر وہ صحیح طور پر جواب نہ دے رہے ہوں، اور سافٹ ویئر یا ہارڈ ویئر سے متعلق عام مسائل کو حل کرنا شامل ہے۔ ٹربل شوٹنگ عام کمپیوٹر کے مسائل کو ٹھیک کر سکتی ہے۔

پوسٹ ٹربل شوٹنگ: پوسٹ ٹربل شوٹنگ مینٹیننس ایک ایسا عمل ہے جس میں اضافی اقدامات شامل ہوتے ہیں جو کمپیوٹر کو مستقبل میں صحیح طریقے سے کام کرتے رہنے اور اسی مسائل سے بچنے میں مدد دیتے ہیں۔

مسلسل مینٹیننس کی اہمیت: ٹربل شوٹنگ کے عمل میں سسٹم کو موجودہ مسئلے سے نکالا جا رہا ہوتا ہے، لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ سسٹم طویل عرصے تک کام کرتا رہے تو سسٹم کو پھر بھی باقاعدہ دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ وہ صحیح طور پر کام کرتا رہے۔ مینٹیننس کے بغیر، وہی مسئلہ بار بار پیش آ سکتا ہے، یا نئے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ باقاعدہ مینٹیننس سسٹم کو مستحکم رکھتی ہے اور مستقبل کے مسائل سے بچاتی ہے۔ یہ بہتر کارکردگی، طویل عمر، اور کمپیوٹر کے استعمال میں کم خلل کو یقینی بناتی ہے۔

مثال: اگر کمپیوٹر اسٹوریج بھر جانے کی وجہ سے سست ہو جائے تو چند فائلیں ڈیلیٹ کرنے سے اس کی رفتار تھوڑے وقت کے لیے بہتر ہو سکتی ہے۔

سوال 2: خراب مینٹیننس کے اثرات بیان کریں۔ نیز باقاعدہ مینٹیننس کی کمی کی وجہ سے پیش آنے والے کچھ عام مسائل کی وضاحت کریں۔

جواب: اگر کمپیوٹر کی باقاعدہ دیکھ بھال نہ کی جائے تو اسے کئی مسائل کا سامنا ہو سکتا ہے جو اس کی کارکردگی اور بھروسے کو متاثر کرتے ہیں۔ باقاعدہ مینٹیننس کی کمی کی وجہ سے درج ذیل عام مسائل پیدا ہوتے ہیں:

سست کارکردگی (Slow Performance): عارضی فائلیں، غیر استعمال شدہ پروگرامز، اور بیک گراؤنڈ پروسیسز وقت کے ساتھ جمع ہو سکتے ہیں۔ اگر ان کا انتظام نہ کیا جائے تو کمپیوٹر سست اور بے حس ہو سکتا ہے۔

سسٹم کی ناکامیاں (Failures system): اگر سسٹم کی اہم اپ ڈیٹس انسٹال نہ کی جائیں تو کمپیوٹر صحیح طریقے سے کام کرنا بند کر سکتا ہے۔ یہ منجمد (freeze) ہو سکتا ہے، کریش کر سکتا ہے، یا اسٹارٹ ہونے میں ناکام ہو سکتا ہے۔

سیکیورٹی کے خطرات (Security Risks): جب سسٹم یا ایپس کو اپ ڈیٹ نہ کیا جائے تو نقصان دہ سافٹ ویئر جیسے وائرسز کمپیوٹر میں زیادہ آسانی سے داخل ہو سکتے ہیں۔

ڈیٹا کا نقصان (Data Loss): بیک اپ کے بغیر، کریش یا ہارڈ ویئر فیل ہونے کے دوران اہم فائلیں ضائع ہو سکتی ہیں۔

ہارڈ ویئر کا نقصان (Hardware Damage): اگر سسٹم کو صاف یا مناسب طور پر ہوادار نہ رکھا جائے تو دھول اور زیادہ گرمی ہارڈ ویئر کے پرزوں کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔

سوال 3: سسٹم ہیلتھ مانیٹرنگ کیا ہے؟ ہیلتھ چیک کے لیے مختلف ٹولز کے ذریعے کی جانے والی سرگرمیوں کی وضاحت کریں۔ نیز سسٹم ہیلتھ مانیٹرنگ کے فوائد بیان کریں۔

جواب: سسٹم کے ہموار چلاؤ کے لیے، اس کی کارکردگی کو باقاعدگی سے جانچنا ضروری ہے۔ اس عمل کو سسٹم ہیلتھ مانیٹرنگ کہا جاتا ہے۔

ہیلتھ چیک کی سرگرمیاں مختلف ٹولز کے ذریعے: جدید آپریٹنگ سسٹمز، جیسے مائیکروسافٹ ونڈوز، میں بلٹ ان ٹولز شامل ہوتے ہیں جو سسٹم کی سرگرمی کی نگرانی میں مدد دیتے ہیں۔ یہ ٹولز آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ آپ:

- **میموری چیک(Memory Check):**

چیک کریں کہ فی الوقت کتنی میموری اور پروسیسنگ پاور استعمال ہو رہی ہے۔

- **پس منظر ایپلیکیشنز(Background applications):**

پس منظر میں چلنے والی ایپلیکیشنز اور سروسز کی نگرانی کر سکتے ہیں۔

- **وارننگ اور ایرر میسیجز(Warning & Error messages):**

سسٹم کی وارننگز اور ایرر میسیجز کو مکمل طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

- **رفتار میں کمی(Slow):**

ان پروگرامز کی نشاندہی کر سکتے ہیں جو کمپیوٹر کو سست کر سکتے ہیں۔

فوائد:

- **باقاعدہ نگرانی(Regular Monitoring)**

باقاعدہ نگرانی چھوٹے مسائل کو سنگین ہونے سے پہلے پہچاننے میں مدد دیتی ہے۔

- **کارکردگی میں بہتری(Improve performance)**

صارفین کارکردگی کو بہتر بنانے اور مستقبل کے مسائل سے بچنے کے لیے بروقت اقدامات کر سکتے ہیں۔

2.2 بلٹ ان تشخیصی ٹولز کا استعمال

سوال 4: بلٹ ان تشخیصی ٹولز کی تعریف کریں۔ نیز ٹربل شوٹنگ میں ان ٹولز کو سیٹ کرنے کا مقصد بیان کریں۔

جواب: جب ہم کمپیوٹر سسٹم کے مسائل حل کرنے کی بات کرتے ہیں تو بنیادی ٹربل شوٹنگ مراحل کے علاوہ، جدید آپریٹنگ سسٹمز صارفین کو سسٹم کی کارکردگی کو مزید تفصیل سے مانیٹر کرنے کے لیے بلٹ ان ٹولز مہیا کراتے ہیں۔

یہ ٹولز تشخیصی ٹولز کہلاتے ہیں۔ یہ ٹولز بلٹ ان ہیں یعنی آپریٹنگ سسٹم خاص طور پر ونڈوز میں اس قسم کے ٹولز کا ایک طے شدہ سیٹ موجود ہوتا ہے۔

مقصد: یہ ٹولز کمپیوٹر کی موجودہ حالت، ورکنگ اجزاء کی حیثیت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتے ہیں اور میموری (RAM یا Registers)، اسٹوریج (HDD یا SSD)، پروسیسنگ پاور (CPU اور GPU)، اور سسٹم ایررز سے متعلق مسائل کی نشاندہی کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

مائیکروسافٹ ونڈوز میں دستیاب ٹولز: مائیکروسافٹ ونڈوز میں تین اہم ڈائیگناسٹک ٹولز دستیاب ہیں۔ ان میں سے ہر ایک ٹول سسٹم کی صحت اور کارکردگی سے متعلق مسائل حل کرنے میں مختلف کردار ادا کرتا ہے۔ یہ ٹولز یہ ہیں:

- ٹاسک مینیجر
- ریسورس مانیٹر
- ایونٹ ویوور

سوال 5: ٹاسک مینیجر کیا ہے؟ اس کی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔ پروسیس ٹیب اور پرفارمنس ٹیب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: تعریف:

ٹاسک مینیجر مائیکروسافٹ ونڈوز کے تمام ورژنز میں ایک بلٹ ان ٹول ہے۔ یہ صارفین کو ان کے کمپیوٹر اسکرین کی کارکردگی مانیٹر کرنے میں

www.ilmkidunya.com

مدد دیتا ہے۔

ذمہ داریاں: یہ کمپیوٹر سسٹم کے پروسیسر (CPU)، میموری (RAM)، اور اسٹوریج ڈسک (HDD یا SSD) کے استعمال کے بارے میں حقیقی وقت (ریئل ٹائم) میں معلومات دکھاتا ہے۔

پروسیس ٹیب: ٹاسک مینیجر کا پروسیس ٹیب تمام ایکٹو پروگرامز اور یہ دکھاتا ہے کہ وہ کتنے سسٹم ریسورسز استعمال کر رہے ہیں۔

پرفارمنس ٹیب: پرفارمنس ٹیب سی پی یو، میموری، ڈسک، اور نیٹ ورک کے استعمال کے لیے تفصیلی گراف دکھاتا ہے۔

ٹاسک مینیجر کھولنے کا طریقہ کار:

ٹاسک مینیجر کھولنے کے دو آسان طریقے ہیں:

- کی بورڈ سے Ctrl + Shift + Esc شارٹ کٹ کی کو دبائیں۔

یا

- ٹاسک بار پر دایاں کلک کریں اور مینیو سے ٹاسک مینیجر کو منتخب کریں۔

سوال 6: آپ ٹاسک مینیجر کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں؟

جواب: ٹاسک مینیجر اس وقت مفید ہوتا ہے جب آپ کا کمپیوٹر سست ہو، یا کوئی ایپلیکیشن جواب دینا بند کر دے۔ یہ آپ کو اجازت دیتا ہے:

ریسورس کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں کہ ہر پروگرام کتنی پروسیسنگ پاور اور میموری استعمال کر رہا ہے۔

پروگرام کا ردعمل اور ہینڈلنگ: ٹاسک مینیجر کے پروسیس ٹیب سے کسی پروگرام کو منتخب کریں اور اگر وہ صحیح طریقے سے کام نہیں کر رہا تو اسے بند کرنے کے لیے TaskEnd پر کلک کریں۔

بیک گراؤنڈ پروگرامز: پس منظر (بیک گراؤنڈ) میں خاموشی سے چلنے والے پروگرامز کو دیکھ سکتے ہیں۔

پرفارمنس ٹیب: پرفارمنس ٹیب حقیقی وقت (ریئل ٹائم) میں گراف اور ڈیٹا دکھاتا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا کمپیوٹر کیسا کارکردگی دکھا رہا ہے۔



شکل 2.1: ونڈوز میں فعال پراسیسز اور سسٹم کی کارکردگی کو ظاہر کرتا ہوا ٹاسک مینیجر

سوال 7: ریسورس مانیٹر کیا ہے؟ اس کی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔ ٹاسک مینیجر کے مقابلے میں اس کے فوائد بیان کریں۔

جواب: تعریف:

ریسورس مانیٹر مائیکروسافٹ ونڈوز میں ایک ایڈوانسڈ سسٹم ٹول ہے جو آپ کے کمپیوٹر کے ریسورسز (میموری، CPU، اور ڈسک) کے استعمال کے بارے میں گہری معلومات فراہم کرتا ہے۔

ذمہ داریاں: جبکہ ٹاسک مینیجر ایک فوری جائزہ فراہم کرتا ہے، ریسورس مانیٹر اس بارے میں مزید تفصیلی معلومات دیتا ہے کہ کون سے پروگرامز اور بیک

www.ilmkidunya.com

گراؤنڈ سروسز سسٹم کے ریسورسز استعمال کر رہے ہیں۔

فائدہ: یہ خاص طور پر اس وقت مفید ہوتا ہے جب سسٹم کی رفتار سست ہو، زیادہ گرم ہو رہا ہو، یا بغیر کسی واضح وجہ کے زیادہ میموری استعمال کر رہا ہو۔

سوال 8: ریسورس مانیٹر کو کھولنے کے اقدامات تحریر کریں۔ نیز ریسورس مانیٹر کی اہم خصوصیات تحریر کریں؟

جواب: ریسورس مانیٹر کو کھولنے کے دو عام طریقے ہیں:

- ٹاسک مینیجر کو کھولیں، پرفارمنس ٹیب پر جائیں، اور نیچے دیے گئے Open Resource Monitor پر کلک کریں۔

یا

- شارٹ کٹ کی Windows + R دبائیں، نمودار ہونے والے ڈائیلاگ باکس میں resmon کمانڈ ٹائپ کریں، اور Enter دبائیں۔



شکل 2.2: سسٹم ریسورسز کے استعمال کی نگرانی کے لیے ریسورس مانیٹر۔

ریسورس مانیٹر کی اہم خصوصیات:

ریسورس مانیٹر کی کچھ کلیدی خصوصیات درج ذیل ہیں:

- **CPU ٹیب:** دکھاتا ہے کہ کون سے پروسیسز اور سروسز پروسیسر استعمال کر رہے ہیں۔
- **میموری ٹیب:** ظاہر کرتا ہے کہ کتنی میموری استعمال ہو رہی ہے، کتنی خالی ہے، یا محفوظ (ریزرو) ہے۔
- **ڈسک ٹیب:** نگرانی کرتا ہے کہ کون سے پروگرام ہارڈ ڈرائیو سے پڑھ رہے ہیں یا اس پر لکھ رہے ہیں۔
- **نیٹ ورک ٹیب:** دکھاتا ہے کہ کون سی ایپلیکیشنز انٹرنیٹ یا نیٹ ورک پر ڈیٹا بھیج یا وصول کر رہی ہیں۔

سوال 9: ایونٹ ویور کیا ہے؟ اس کی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں۔ ایم ایس ونڈوز میں ایونٹ ویور کھولنے کے اقدامات تحریر کریں۔

جواب: تعریف:

ایونٹ ویور بھی ونڈوز کا ایک بلٹ ان ٹول ہے جو سسٹم کی سرگرمیوں کے تفصیلی لاگ ریکارڈ کرتا ہے۔

ذمہ داریاں: یہ صارفین کو سافٹ ویئر، ہارڈ ویئر، اور سیکیورٹی سے متعلق ایررز، وارننگز، اور اہم واقعات (ایونٹس) کی جانچ کرنے میں مدد دیتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

ایونٹ ویور سے کھولیں:

شارٹ کٹ کی Windows + R دبائیں، نمودار ہونے والے ڈائیلاگ باکس میں eventvwr کمانڈ ٹائپ کریں، اور Enter دبائیں۔



شکل 3.2: سسٹم میں کسی سے متعلق آنے والے واقعات کو دیکھنے کے لیے ایونٹ ویور

سرگرمی 1

مقصد: ٹاسک مینیجر کا استعمال کرتے ہوئے کسی غیر ضروری بیک گراؤنڈ پروگرام کی شناخت اور اسے ختم کرنا۔

مراحل:

1- Ctrl + Shift + Esc کا استعمال کرتے ہوئے ٹاسک مینیجر کو کھولیں۔

2- پروسیسس ٹیب پر جائیں۔

3- کوئی ایسا پروگرام تلاش کریں جو بیک گراؤنڈ میں چل رہا ہو اور جسے آپ استعمال نہیں کر رہے ہوں (مثلاً میوزک ایپ، اپ ڈیٹ سروس)۔

4- اسے منتخب کریں اور End Task پر کلک کریں (صرف اس صورت میں جب آپ کو یقین ہو کہ اسے بند کرنا محفوظ ہے)۔

5- مشاہدہ کریں کہ آیا آپ کے کمپیوٹر کی رفتار بہتر ہوتی ہے۔

سوالات کے جوابات دیں:

- کیا ٹاسک ختم کرنے سے سسٹم کی کارکردگی بہتر ہوئی؟
- آپ کے خیال میں ایسا کیوں ہوا؟

حل:

جواب 1: جی ہاں، VLC میڈیا پلیئر سافٹ ویئر کا ٹاسک ختم کرنے سے جو سسٹم میں رکاوٹ بن رہا تھا، سسٹم کی کارکردگی ہموار اور موثر ہوگئی۔

جواب 2: جب کوئی صارف ٹاسک مینیجر کا استعمال کرتے ہوئے End Task کرتا ہے تو اس ٹاسک کے زیرِ استعمال میموری یا پروسیسنگ پاور خالی ہو جاتی ہے اور یہ دونوں وسائل اب دوسرے موجودہ چلنے والے ٹاسکس استعمال کر رہے ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے سسٹم کی کارکردگی زیادہ موثر ہو جاتی ہے۔

سوال 10: سسٹم ریکوری آپشن صارف کے لیے کب مفید ہوتا ہے اور آج کل یہ لازمی کیوں ہیں؟

جواب: ریکوری آپشن کی ضرورت:

بعض صورتوں میں، بنیادی ٹربل شوٹنگ کسی مسئلے کو حل کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتی۔ کمپیوٹر کریش ہو سکتا ہے، بے حس ہو سکتا ہے، یا اسٹارٹ ہونے میں ناکام ہو سکتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے، مائیکروسافٹ ونڈوز جیسے آپریٹنگ سسٹم خصوصی ٹولز مہیا کراتے ہیں جنہیں سسٹم ریکوری آپشنز کہا جاتا ہے۔

اہمیت: یہ ریکوری آپشنز زیادہ تر صورتوں میں اہم ڈیٹا کو کھونے کے بغیر کمپیوٹر کو کام کرنے کی حالت میں بحال کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس حصے میں، ہم تین عام طور پر استعمال ہونے والے ریکوری ٹولز کے بارے میں جانیں گے۔

سوال 11: ونڈوز کا سیف موڈ کیا ہے؟ اسے کب استعمال کیا جاتا ہے؟ سیف موڈ کھولنے کا طریقہ کار تحریر کریں؟

جواب: سیف موڈ ونڈوز کو صرف انتہائی اہم اور زیادہ تر استعمال ہونے والے ڈرائیورز اور سروسز کے ساتھ اسٹارٹ کرتا ہے۔ یہ غیر ضروری بیک گراؤنڈ پروگرامز اور اسٹارٹ اپ سافٹ ویئر کو غیر فعال کر دیتا ہے۔ یہ ناقص ایپس یا ونڈوز سیٹنگز کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنے میں مددگار ہے۔

سیف موڈ کب استعمال کریں:

سیف موڈ مفید ہوتا ہے جب:

- سسٹم بار بار کریش یا ری اسٹارٹ ہو رہا ہو
- کوئی پروگرام یا ڈرائیور کمپیوٹر کو منجمد (freeze) کر رہا ہو
- آپ کو میلویئر اسکین کرنے یا حالیہ انسٹال کردہ ایپ کو ان انسٹال کرنے کی ضرورت ہو

سیف موڈ کھولنے کا طریقہ کار:

زیادہ تر ایم ایس ونڈوز سیٹنگز پر:

- Settings > Update & Security > Recovery > Advanced Startup > Restart Now پر جائیں۔
- پھر > Troubleshoot > Advanced Options > Startup Settings > Restart کو منتخب کریں۔ پھر F4 دبائیں۔
- کچھ پرانے سسٹمز پر: ونڈوز لوگو آنے سے پہلے بار بار F8 دبائیں۔
- ModeSafe کو منتخب کریں۔
- Enter دبائیں۔

سیف موڈ ود نیٹ ورکنگ:

سیف موڈ کا یہ ورژن نیٹ ورک ڈرائیورز کو شامل کرتا ہے تا کہ آپ انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کر سکیں۔ یہ مفید ہوتا ہے جب:

- آپ کو اپ ڈیٹس یا ڈرائیورز ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہو
- آپ آن لائن ہیلپ ٹولز استعمال کرنا چاہیں
- آپ کلاؤڈ بیسڈ اینٹی وائرس اسکین چلانا چاہیں
- اس میں داخل ہونے کے لیے، اوپر دیے گئے طریقہ کار پر عمل کریں اور F4 کی بجائے F5 دبائیں۔

اسمارٹ ٹپس:

سیف موڈ استعمال کرتے وقت، ان احتیاطی تدابیر پر عمل کریں:

- جب تک ان کے مقصد کو نہ سمجھ لیں، سیٹنگز میں تبدیلی نہ کریں۔
- سسٹم فائلیں ڈیلیٹ کرنے سے گریز کریں۔ یہ ونڈوز کے صحیح کام کرنے کے لیے اہم ہو سکتی ہیں۔
- مسائل حل کرنے کے لیے صرف بلٹ ان یا قابل اعتماد ٹولز استعمال کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد اپنے کمپیوٹر کو معمول کے مطابق ری اسٹارٹ کریں۔
- اگر غیر یقینی صورت حال ہو تو اپنے استاد یا آئی ٹی ماہر سے مدد طلب کریں۔
- سیف موڈ طاقتور ہے، لیکن اسے احتیاط سے استعمال کیا جانا چاہیے۔

سوال 12: سسٹم ریسٹور سے کیا مراد ہے؟ ریسٹور پوائنٹ کیا ہے؟ ریسٹور پوائنٹ بنانے اور استعمال کرنے کے اقدامات تحریر کریں؟

جواب: سسٹم ریسٹور صارف کو اس کے کمپیوٹر کو کریش یا ونڈوز کرپٹ ہونے کے مسئلے کی صورت میں پچھلی حالت میں واپس لے جانے کی اجازت دیتا ہے۔ بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ ذاتی فائلوں کو ڈیلیٹ نہیں کرے گا۔ یہ ریسٹور پوائنٹس کا استعمال کرتے ہوئے کام کرتا ہے، جو بڑی تبدیلیوں سے پہلے آپ کے سسٹم کے محفوظ کردہ ورژن ہوتے ہیں۔

ریسٹور پوائنٹ: ریسٹور پوائنٹ آپ کے سسٹم کے پروگرامز اور فائلوں کی ایک محفوظ کردہ سیٹنگ ہے۔ یہ آپ کو اپنے کمپیوٹر کو پہلے کی کام کرنے کی حالت میں واپس لانے میں مدد دیتا ہے، اگر کچھ غلط ہو جائے، جیسے کسی ناقص پروگرام یا ڈرائیور کو انسٹال کرنے کے بعد۔ ریسٹور پوائنٹس سسٹم اپ ڈیٹس یا ڈرائیور انسٹالیشن سے پہلے خود بخود بنائے جاتے ہیں، یا ضرورت پڑنے پر صارف کے ذریعے دستی طور پر بنائے جاتے ہیں۔

ریسٹور پوائنٹ بنانے کے اقدامات:

ریسٹور پوائنٹ دستی طور پر بنانے کے لیے ان اقدامات پر عمل کریں:

- اسٹارٹ بٹن پر کلک کریں اور کنٹرول پینل کھولیں۔
- system and security آپشن پر جائیں، پھر System پر کلک کریں۔
- بائیں طرف، System Protection پر کلک کریں۔
- نئی ونڈو میں، System Protection ٹیب کے تحت، Create بٹن پر کلک کریں۔
- اپنے ریسٹور پوائنٹ کے لیے ایک نام ٹائپ کریں۔
- Create پر کلک کریں۔
- تصدیق کے لیے چند سیکنڈ انتظار کریں۔ آپ کا ریسٹور پوائنٹ اب آپ کے ٹائپ کردہ نام سے محفوظ ہو چکا ہے۔

ریسٹور پوائنٹ استعمال کرنے کے اقدامات:

اگر آپ کا کمپیوٹر صحیح طریقے سے کام نہیں کر رہا ہے، تو پچھلی حالت میں واپس جانے کے لیے ان اقدامات پر عمل کریں:

- کنٹرول پینل کھولیں۔
- Recovery پر جائیں اور Open System Restore پر کلک کریں۔
- ایک ونڈو نمودار ہوگی جو دستیاب ریسٹور پوائنٹس دکھائے گی۔
- جب آپ کا سسٹم ٹھیک کام کر رہا تھا اس کے مطابق تازہ ترین ریسٹور پوائنٹ کو منتخب کریں۔
- Next پر کلک کریں، پھر Finish پر۔
- آپ کا سسٹم دوبارہ اسٹارٹ ہوگا اور منتخب کردہ سیٹنگز کو بحال کرے گا۔

www.ilmkidunya.com

سوال 13: بوٹ ایبل ریکوری میڈیا کیا ہے؟ ہم اسے سیف موڈ اور ریسٹور پوائنٹ میں کیسے اور کیوں استعمال کرتے ہیں؟

جواب: بعض صورتوں میں، جب کمپیوٹر کی اندرونی ہارڈ ڈرائیو (مثلاً HDD یا SSD) مکمل طور پر کام کرنا بند کر دے اور ونڈوز اسٹارٹ کرنے میں ناکام ہو جائے۔ اس صورت حال میں، اندرونی ڈرائیوز پر بنائے گئے عام ریکوری آپشنز جیسے سیف موڈ اور ریسٹور پوائنٹس کام نہیں کر سکتے۔ لہٰذا، اس صورت میں، ہم سسٹم کو بحال کرنے کے لیے بیرونی بوٹ ایبل ریکوری میڈیا استعمال کرتے ہیں۔

بوٹ ایبل اسٹوریج میڈیا کیوں اہم ہے:

جدید ٹیکنالوجی میں بوٹ ایبل ریکوری میڈیا USB فلیش ڈرائیو یا SSD ہے اور پرانی ٹیکنالوجی میں DVD یا CD ہوتی ہے جس میں سسٹم کی اہم فائلیں ہوتی ہیں۔ یہ کمپیوٹر کو بیرونی ڈیوائس سے اسٹارٹ کرنے میں مدد دیتی ہے جب اندرونی اسٹوریج مکمل طور پر کام کرنا بند کر دے۔

بلٹ ان ریکوری ٹولز (Built - in recover tools): سسٹم اسٹارٹ کرنے کے بعد، آپ بلٹ ان ریکوری ٹولز استعمال کر سکتے ہیں جیسے:

اسٹارٹ اپ ریپئیر (Startup Repair): یہ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جو ونڈوز لوڈ ہونے میں رکاوٹ بنتے ہیں۔

سسٹم ریسٹور (System Restore): ریسٹور پوائنٹ کا استعمال کرتے ہوئے کام کرنے کی حالت میں واپس جانے کے لیے۔

کمانڈ پرامپٹ (Command Prompt): جدید ٹربل شوٹنگ کے لیے۔

سسٹم ری سیٹ یا ری انسٹالیشن: اگر ضرورت ہو تو آپریٹنگ سسٹم کو دوبارہ انسٹال کرنے کے لیے۔

ہم بوٹ ایبل میڈیا کب استعمال کرتے ہیں:

ہم اس میڈیا کو ایسے معاملات میں استعمال کرتے ہیں جہاں سسٹم

- سیف موڈ قابل رسائی نہ ہو
- آپ کو آپریٹنگ سسٹم کو ریپئیر یا دوبارہ انسٹال کرنے کی ضرورت ہو

سوال 14: بوٹ ایبل USB ڈرائیو بنانے کے اقدامات تحریر کریں؟ نیز پارٹیشن اسٹائل چیک کرنے کا طریقہ کار بھی تحریر کریں؟

جواب: بوٹ ایبل USB بنانے کے لیے:

- اپنے آپریٹنگ سسٹم فراہم کنندہ کی آفیشل ویب سائٹ سے سسٹم امیج یا انسٹالر ڈاؤن لوڈ کریں مثلاً ونڈوز ISO، لینکس ISO یا macOS انسٹالر
- صرف ونڈوز کے لیے اس کی آفیشل سائٹ سے Rufus ڈاؤن لوڈ کریں۔ macOS کے لیے، آپ اس کے بلٹ ان ٹولز جیسے ٹرمینل یا ڈسک یوٹیلیٹی استعمال کر سکتے ہیں۔
- USB ڈرائیو لگائیں GB16 یا زیادہ
- Rufus کھولیں، USB اور ISO فائل کو منتخب کریں۔

نوٹ: ونڈوز یا لینکس سسٹمز کے لیے، جدید PCs کے لیے GUID Partition Table اور پرانے سسٹمز کے لیے Master Boot Record (MBR) کو منتخب کریں۔ پھر Start پر کلک کر کے بوٹ ایبل USB بنائیں۔

پارٹیشن اسٹائل چیک کرنے کا طریقہ کار:

پارٹیشن اسٹائل چیک کرنے کے لیے آپ کو:

- Win+X دبائیں اور Disk Management کو منتخب کریں۔
- وہ ڈرائیو تلاش کریں جہاں ونڈوز انسٹال ہے عام طور پر Disk 0۔
- ڈسک لیبل مثلاً Disk 0 پر دایاں کلک کریں، پھر Properties کو منتخب کریں۔
- Volumes ٹیب پر جائیں۔
- Partition Style کو دیکھیں:

www.ilmkidunya.com

یہ یا تو ظاہر کرے گا:

- GUID Partition Table (GPT)
- Master Boot Record (MBR)

کیا آپ جانتے ہیں؟

GPT اور MBR اسٹوریج ڈرائیو (ہارڈ ڈرائیو یا SSD) پر ڈیٹا کو منظم کرنے کے دو مختلف طریقے ہیں۔

- MBR پرانا نظام ہے۔ یہ 2 TB تک ڈسک سائز اور زیادہ سے زیادہ 4 پرائمری پارٹیشنز کو سپورٹ کرتا ہے۔
- GPT جدید معیار ہے۔ یہ 2 TB سے بڑی ڈسکس کو سپورٹ کرتا ہے، 100 سے زیادہ پارٹیشنز کی اجازت دیتا ہے، اور UEFI-based سسٹمز کے لیے ضروری ہے۔

اسی لیے نئے کمپیوٹرز اور آپریٹنگ سسٹمز اب MBR کے مقابلے GPT کو ترجیح دیتے ہیں!

سمارٹ ٹپ

اگر آپ کا کمپیوٹر GPT استعمال کرتا ہے، لیکن آپ USB کو MBR فارمیٹ میں بناتے ہیں، تو یہ بالکل بھی بوٹ نہیں ہو سکتا۔ ایسا ہی ہوتا ہے اگر آپ کا سسٹم MBR استعمال کرتا ہے اور آپ USBGPT استعمال کرتے ہیں۔

سرگرمی

مقصد:

بلٹ ان ونڈوز ٹولز کا استعمال کرتے ہوئے بوٹ ایبل ریکوری ڈرائیو بنانے کا طریقہ سیکھنا۔

ضروریات:

ونڈوز 10 یا 11 پی سی

ایک خالی USB ڈرائیو (کم از کم GB16)

اقدامات:

I- USB کو کمپیوٹر میں لگائیں۔

II- ونڈوز کی دبائیں، Recovery Drive ٹائپ کریں، اور اسے کھولیں۔

III- Backup system files to the recovery drive کو چیک کریں اور Next پر کلک کریں۔

IV- اپنی USB ڈرائیو کو منتخب کریں اور Next پر کلک کریں (جب تک اجازت نہ دی جائے کلاس میں Create پر کلک نہ کریں)۔

سوال کا جواب دیں: ونڈوز کہتا ہے کہ یہ ریکوری ڈرائیو آپ کی کس چیز میں مدد کرے گی؟

حل:

سوال کا جواب:

ونڈوز کہتا ہے کہ ریکوری ڈرائیو آپ کے پی سی کے مسائل کو حل کرنے اور ان کو ٹھیک کرنے میں مدد کر سکتی ہے، یہاں تک کہ اگر یہ اسٹارٹ نہ بھی ہوتا ہو۔ یہ آپ کو ایڈوانسڈ اسٹارٹ اپ آپشنز، سسٹم ریسٹور، اور دیگر ریکوری ٹولز تک رسائی فراہم کرتی ہے تاکہ آپ کے کمپیوٹر کو کام کرنے کی حالت میں بحال کیا جا سکے۔

www.ilmkidunya.com

سوال 15: بوٹ پروسیس اور فرم ویئر کی تعریف کریں۔ نیز فرم ویئر کی عام اقسام بیان کریں۔

جواب: بوٹ پروسیس:

جب صارف اپنے کمپیوٹر کا پاور بٹن دباتا ہے تو آپریٹنگ سسٹم کا ڈیسک ٹاپ اسکرین پر ظاہر ہونے سے پہلے کئی پوشیدہ اقدامات ہوتے ہیں۔ اس عمل کو بوٹ پروسیس کہا جاتا ہے۔ ہر آپریٹنگ سسٹم میں بطور ڈیفالٹ بوٹ پروسیس اندرونی اسٹوریج ڈرائیو سے ہو کر گزرتا ہے، چاہے وہ ایچ ڈی ڈی ہو یا ایس ایس ڈی۔

فرم ویئر: تمام کمپیوٹرز میں مدر بورڈ میں ایک خاص سافٹ ویئر بنایا گیا ہوتا ہے جسے فرم ویئر کہتے ہیں۔ یہ ہارڈ ڈرائیو پر محفوظ نہیں ہوتا اور کمپیوٹر بند ہونے پر ڈیلیٹ نہیں ہوتا۔ فرم ویئر کمپیوٹر کو بنیادی ہدایات دیتا ہے کہ کیسے شروع کیا جائے۔

فرم ویئر کی اقسام:

فرم ویئر کی دو عام اقسام ہیں:

- BIOS پرانا فرم ویئر سافٹ ویئر جو ایک بنیادی، صرف ٹیکسٹ والا مینو دکھاتا ہے اور صرف کی بورڈ کے ساتھ کام کرتا ہے۔
- UEFI نئی قسم کا فرم ویئر سافٹ ویئر، جو گرافیکل مینو کو سپورٹ کرتا ہے جو ماؤس اور کی بورڈ دونوں استعمال کرتا ہے، اور بڑی ہارڈ ڈرائیوز کو سپورٹ کرتا ہے۔

کمپیوٹر سٹارٹ کرنے میں BIOS/UEFI کا کردار:

- **ہارڈ ویئر:** چیک کرتا ہے کہ ہارڈ ویئر صحیح طریقے سے کام کر رہا ہے یا نہیں (جیسے ریم، کی بورڈ، اور ہارڈ ڈرائیو)۔
- **بوٹ ڈیوائسز:** بوٹ ڈیوائس (یو ایس بی، ہارڈ ڈسک وغیرہ) تلاش کرتا ہے اور آپریٹنگ سسٹم شروع کرتا ہے۔
- **سسٹم سیٹنگز:** صارف کو سسٹم کی ترتیبات جیسے تاریخ، وقت اور بوٹ آرڈر تبدیل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
>
> BIOS پہلی بار 1980 کی دہائی میں تیار کیا گیا تھا، جبکہ UEFI اب زیادہ تر جدید کمپیوٹرز میں استعمال ہوتا ہے کیونکہ یہ زیادہ تیز اور زیادہ محفوظ ہے۔

سوال 16: پوسٹ ٹیسٹ کیا ہے؟ یہ کیوں اہم ہے؟ نیز ایک مثال دیں۔

جواب: POST کا مطلب پاور۔آن سیلف ٹیسٹ ہے۔ کمپیوٹر کے آن ہونے کے بعد فرم ویئر سب سے پہلے یہی کرتا ہے۔

اہمیت: POST سب سے اہم ہارڈ ویئر کو چیک کرتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سب کچھ ٹھیک سے کام کر رہا ہے۔ اگر تمام پرزے ٹھیک ہیں تو کمپیوٹر آپریٹنگ سسٹم لوڈ کرنا جاری رکھتا ہے۔ اگر کچھ خراب ہے تو یہ بیپ کر سکتا ہے یا اسکرین پر ایرر میسج دکھا سکتا ہے۔

مثال: اگر ریم موجود نہ ہو تو کمپیوٹر مسلسل بیپ کرے گا۔

BIOS تک رسائی اور ڈیفالٹ پر ری سیٹ کرنا:

بعض اوقات آپ کو ترتیبات تبدیل کرنے یا مسائل حل کرنے کے لیے BIOS/UEFI میں داخل ہونے کی ضرورت ہوتی ہے۔

BIOS/UEFI سیٹنگز کیسے کھولیں:

یہ سیٹنگ کھولنے کے لیے، آپ کو اپنا کمپیوٹر بند کرنا ہوگا۔

- اسے آن کریں اور فوراً ایک کلید دبائیں جیسے Del، F2، F10، یا Esc (صحیح کلید برانڈ پر منحصر ہوتی ہے، جیسے HP، DELL، اور MSI)۔
- BIOS یا UEFI اسکرین ظاہر ہو جائے گی۔

www.ilmkidunya.com

ڈیفالٹ سیٹنگز پر ری سیٹ کرنا:

اگر غلط سیٹنگز محفوظ ہو گئی ہیں تو آپ BIOS/UEFI سیٹنگز کے اندر 'Load Setup Defaults' یا 'Reset to Default' کو منتخب کر کے سسٹم کو اس کی اصل حالت میں بحال کر سکتے ہیں۔



شکل 2.4- BIOS / UEFI

سوال 17: بوٹ آرڈر اور بوٹ ریپیئر کیا ہے؟ بوٹ آرڈر تبدیل کرنے کے اقدامات بیان کریں۔

جواب: بوٹ آرڈر:

بوٹ آرڈر سے مراد وہ ترتیب ہے جس میں کمپیوٹر آپریٹنگ سسٹم لوڈ کرنے کے لیے ڈیوائس تلاش کرتا ہے۔ مثال کے طور پر، یہ پہلے یو ایس بی ڈرائیو آزما سکتا ہے، پھر ہارڈ ڈرائیو۔

بوٹ ریپیئر: بعض اوقات کمپیوٹر غائب فائلوں یا ایررز کی وجہ سے شروع نہیں ہو پاتا۔ اسے ونڈوز ریکوری یو ایس بی یا ڈی وی ڈی سے اسٹارٹ اپ ریپیئر کا استعمال کر کے ٹھیک کیا جا سکتا ہے۔

بوٹ آرڈر تبدیل کرنے کے اقدامات:

- BIOS/UEFI سیٹنگز میں داخل ہوں۔
- بوٹ ٹیب یا مینیو پر جائیں۔
- اپنی مطلوبہ ڈیوائس مثلاً USB کو فہرست میں سب سے اوپر لے جائیں۔
- تبدیلیاں محفوظ کریں اور باہر نکلیں۔

2.5 ڈیٹا ریکوری تکنیکس

سوال 18: ایم ایس ونڈوز میں استعمال ہونے والے ڈیٹا ریکوری ٹولز اور تکنیکوں کی وضاحت کریں۔

جواب: بعض اوقات، ہم غلطی سے فائلیں ڈیلیٹ کر دیتے ہیں یا سسٹم کے مسائل کی وجہ سے انہیں کھو دیتے ہیں۔ بہت سے معاملات میں، بلٹ ان ٹولز یا خصوصی تھرڈ پارٹی سافٹ ویئر کی مدد سے کھوئی ہوئی فائلوں کو واپس حاصل کرنا ممکن ہوتا ہے۔ ڈیلیٹ شدہ فائلیں واپس حاصل کرنے کے دو اہم طریقے ہیں:

www.ilmkidunya.com

- بلٹ ان ٹولز کا استعمال۔
- تھرڈ پارٹی سافٹ ویئرز کا استعمال۔

بلٹ ان ٹولز: یہ ٹولز پہلے سے ونڈوز آپریٹنگ سسٹم کا حصہ ہوتے ہیں، اسی لیے ہم انہیں بلٹ ان ٹولز کہتے ہیں۔ ونڈوز میں، ڈیٹا ریکوری کے لیے تین بلٹ ان ٹولز دستیاب ہیں۔

ری سائیکل بن: جب ونڈوز میں کوئی فائل ڈیلیٹ کی جاتی ہے، تو یہ عام طور پر ری سائیکل بن میں چلی جاتی ہے۔ یہ وہاں اس وقت تک رہتی ہے جب تک بن خالی نہ کر دیا جائے۔

ری سائیکل بن سے ڈیٹا ریکور کرنے کے اقدامات:

- آپ ری سائیکل بن کھول سکتے ہیں
- فائل پر دائیں کلک کریں، اور Restore منتخب کریں۔
- یہ فائل کو اس کی اصل لوکیشن پر واپس لے آئے گا۔

فائل ہسٹری: فائل ہسٹری ونڈوز میں ایک بیک اپ فیچر ہے۔ اگر یہ آن ہے تو سسٹم آپ کی فائلوں کی کاپیاں باقاعدہ وقفوں سے رکھتا ہے۔ آپ فائلوں کو پرانے ورژنز سے بحال کر سکتے ہیں، چاہے وہ ڈیلیٹ یا تبدیل کر دی گئی ہوں۔

فائل ہسٹری کا استعمال کرتے ہوئے ڈیٹا ریکور کرنے کے اقدامات:

- سیٹنگز > اپ ڈیٹ اینڈ سیکیورٹی > بیک اپ
- ایک بیرونی USB یا ہارڈ ڈرائیو لگائیں
- Add a drive منتخب کریں۔
- ایک بار فعال ہونے کے بعد، ونڈوز باقاعدگی سے آپ کی فائلوں جیسے دستاویزات، تصاویر اور ڈیسک ٹاپ کو اس ڈرائیو پر بیک اپ کرے گا۔

سابقہ ورژن: یہ فیچر آپ کو فائل یا فولڈر کا پرانا ورژن بحال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ فائل یا فولڈر پر دائیں کلک کریں، Properties منتخب کریں، پھر Previous Versions ٹیب پر جائیں۔ اگر دستیاب ہو تو آپ پرانی کاپی منتخب کر کے بحال کر سکتے ہیں۔

تھرڈ پارٹی ٹولز: بعض اوقات، ڈیلیٹ شدہ فائلیں ری سائیکل بن یا پریویس ورژنز میں نہیں ملتیں۔ ایسی صورتوں میں، آپ تھرڈ پارٹی ریکوری سافٹ ویئر استعمال کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ Tenor share ایک مفت اور استعمال میں آسان فائل ریکوری پروگرام ہے۔ یہ آپ کی ہارڈ ڈرائیو، USB، یا میموری کارڈ کو اسکین کر سکتا ہے تاکہ حال ہی میں ڈیلیٹ ہونے والی فائلیں تلاش کی جا سکیں۔ اس کے بعد آپ منتخب کر سکتے ہیں کہ کون سی فائلیں بحال کرنی ہیں۔

سوال 19: ٹینور شیئر استعمال کرنے کا طریقہ کار بیان کریں۔ نیز ریکوری کی حدود بیان کریں؟

جواب: ٹینو شیئر استعمال کرنے کے اقدامات:

1- ٹینور شیئر کھولیں اور وہ لوکیشن منتخب کریں جہاں سے آپ فائل ریکور کرنا چاہتے ہیں، جیسے کوئی مخصوص ڈرائیو یا فولڈر۔

2- ریکور کرنے کے لیے فائل کی قسم منتخب کریں (مثلاً تصاویر، دستاویزات)۔

3- کھوئی ہوئی فائلوں کی تلاش شروع کرنے کے لیے 'Scan' پر کلک کریں۔

4- وہ فائلیں منتخب کریں جنہیں آپ بحال کرنا چاہتے ہیں اور انہیں بحال کرنے کے لیے Recover پر کلک کریں۔

ریکوری کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ فائل کتنی دیر پہلے ڈیلیٹ کی گئی تھی اور کیا نئے ڈیٹا نے اس پر اوور رائٹ کیا ہے۔

ریکوری کی حدود اور بہترین طریقے:

اگرچہ ڈیٹا ریکوری ٹولز مددگار ہو سکتے ہیں، لیکن ان کی درج ذیل حدود ہیں:

www.ilmkidunya.com

1- اگر فائل بہت پہلے ڈیلیٹ کی گئی ہو تو ہو سکتا ہے کہ وہ مزید قابل بازیافت نہ رہے۔

2- اگر ہارڈ ڈرائیو خراب یا فارمیٹ ہو چکی ہو تو ریکوری ہمیشہ ممکن نہیں ہوتی۔

3- اگر ری سائیکل بن خالی کر دیا گیا ہو اور کوئی بیک اپ نہ بنایا گیا ہو تو فائلیں مستقل طور پر ضائع ہو سکتی ہیں۔



شکل 2.5: ٹینوشیئر ڈیٹا ریکوری ٹول

سمارٹ ٹپس

1- ریکوری سافٹ ویئر کو کبھی بھی اسی ڈرائیو پر انسٹال نہ کریں جہاں آپ کی کھوئی ہوئی فائل محفوظ تھی۔ اس سے کامیاب ریکوری کے امکانات کم ہو سکتے ہیں۔

2- اعلیٰ درجے کے ریکوری ٹولز استعمال کرنے سے پہلے ہمیشہ ری سائیکل بن کو چیک کریں۔ یہ ڈیلیٹ شدہ فائلوں کو بحال کرنے کا سب سے آسان اور محفوظ طریقہ ہے۔

سرگرمی

مقصد: طلبا کو یہ سمجھنے میں مدد فراہم کرنا کہ ShareTenor کو ٹیسٹ فائل پر استعمال کر کے فائل ریکوری کیسے کام کرتی ہے۔

اقدامات:

1- ڈیسک ٹاپ پر 'TestFile.txt' نام کی ایک ٹیکسٹ فائل بنائیں۔

2- اسے ڈیلیٹ کریں اور ری سائیکل بن خالی کریں۔

3- Tenor Share کھولیں ← All Files منتخب کریں ← لوکیشن کے طور پر Desktop کو منتخب کریں۔

4- Scan پر کلک کریں ← جب فائل ظاہر ہو جائے تو اسے منتخب کریں اور Recover پر کلک کریں۔

5- اسے کسی دوسرے فولڈر (مثلاً Documents) میں محفوظ کریں۔

سوالات کے جوابات دیں:

1- کیا آپ فائل کو بحال کرنے میں کامیاب ہوئے؟

2- آپ کو ڈیلیٹ کے بعد اسی ڈرائیو میں نئی فائلیں محفوظ کرنے سے کیوں گریز کرنا چاہیے؟

www.ilmkidunya.com

حل:

جواب 1: جی ہاں، فائل کو نئی لوکیشن C:\This PC\Documents میں کامیابی سے بحال کر دیا گیا کیونکہ اسے Tenor Share کا استعمال کرتے ہوئے ڈیسک ٹاپ سے ڈیلیٹ کیا گیا تھا اور نئی لوکیشن میں پہلے ڈیٹا کے اصل پر اوور رائٹ نہیں کیا تھا۔

جواب 2: اسی ڈرائیو میں نئی فائلیں محفوظ کرنا اس جگہ کو اوور رائٹ کر سکتا ہے جہاں ڈیلیٹ شدہ فائل محفوظ تھی، جس سے ریکوری ناممکن ہو جاتی ہے۔ اس سے کھوئے ہوئے ڈیٹا کو کامیابی سے بحال کرنے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔

2.6 حفاظتی مینٹیننس کے بہترین طریقے

سوال 20: حفاظتی مینٹیننس کیا ہے؟ ڈسک کلین اپ کی وضاحت کریں؟

جواب: حفاظتی مینٹیننس کا مطلب ہے سادہ کام کرنا جو مستقبل میں بڑے مسائل سے بچنے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ کام آپ کے کمپیوٹر کی رفتار بہتر بنا سکتے ہیں، اسے محفوظ رکھ سکتے ہیں، اور اس کی عمر بڑھانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ جس طرح ہم اپنی صحت کا خیال رکھتے ہیں یا اپنی گاڑیوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں، اسی طرح کمپیوٹرز کو بھی صحیح طریقے سے کام کرتے رہنے کے لیے باقاعدہ توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

ڈسک کلین اپ: ڈسک کلین اپ ونڈوز کا ایک بلٹ ان ٹول ہے جو غیر ضروری فائلوں کو ہٹانے میں مدد کرتا ہے جیسے عارضی انٹرنیٹ فائلیں، سسٹم کیچ، ونڈوز اپ ڈیٹ فائلیں، اور ری سائیکل بن میں موجود اشیاء۔ یہ فائلیں جگہ گھیرتی ہیں اور سسٹم کی کارکردگی کو سست کر سکتی ہیں۔

شکل 2.6: ڈسک کلین اپ مینو

ڈسک کلین اپ کرنے کے اقدامات:

- ونڈوز سرچ بار میں Disk Cleanup ٹائپ کریں اور فہرست سے ٹول کو کھولیں۔ اس سے ایک چھوٹی ونڈو کھلتی ہے جو آپ سے کلین کرنے کے لیے ڈرائیو منتخب کرنے کو کہتی ہے۔
- وہ ڈرائیو منتخب کریں جسے آپ صاف کرنا چاہتے ہیں (عام طور پر :C)
- OK پر کلک کریں۔
- OK کے بعد ظاہر ہونے والے ڈائیلاگ باکس میں سے ان فائلوں کی اقسام کے لیے باکس چیک کریں جنہیں آپ ڈیلیٹ کرنا چاہتے ہیں۔
- منتخب کردہ فائلوں کو ہٹانے کے لیے OK پر کلک کریں۔

سوال 21: سسٹم اپ ڈیٹ کیا ہے؟ سسٹم اپ ڈیٹ کی اقسام بیان کریں؟ نیز ونڈوز اپ ڈیٹ چیک کرنے کا طریقہ لکھیں؟

جواب: سافٹ ویئر اپ ڈیٹس، جنہیں پیچ بھی کہا جاتا ہے، ڈویلپرز کی طرف سے باقاعدگی سے جاری کیے جاتے ہیں تاکہ خرابیوں کو ٹھیک کیا جا سکے، خصوصیات شامل کی جا سکیں، اور سیکیورٹی بہتر بنائی جا سکے۔ اپنے سسٹم کو اپ ڈیٹ رکھنا اسے وائرسز اور سیکیورٹی خطرات سے بچانے میں مدد کرتا ہے۔

اپ ڈیٹس کی دو اقسام ہیں:

- آپریٹنگ سسٹم اپ ڈیٹس (ونڈوز، میک او ایس وغیرہ کے لیے)
- ایپلیکیشن اپ ڈیٹس (براؤزرز، میڈیا پلیئرز جیسے پروگرامز کے لیے)

ونڈوز میں اپ ڈیٹس چیک کرنے کا طریقہ:

- سیٹنگز < اپ ڈیٹ اینڈ سیکیورٹی کھولیں۔
- چیک فار اپ ڈیٹس پر کلک کریں۔

www.ilmkidunya.com

- اگر دستیاب ہوں تو اپ ڈیٹس انسٹال کریں۔

سوال 22: ونڈوز ڈیفنڈر کیا ہے؟ ڈیفنڈر کے ذریعے کیے جانے والے اسکین کی اقسام بیان کریں؟

جواب: ونڈوز ڈیفنڈر ونڈوز کا بلٹ ان سیکیورٹی ٹول ہے جو آپ کے کمپیوٹر کو وائرس، میلویئر اور دیگر خطرات سے بچاتا ہے۔

اسکین کی اقسام:

یہ اسکین کی دو اقسام پیش کرتا ہے۔

- عام مسائل والے علاقوں کو چیک کرنے کے لیے کوئیک اسکین۔
- پورے سسٹم کو مکمل طور پر چیک کرنے کے لیے فل اسکین۔

ونڈوز ڈیفنڈر کی ذمہ داریاں: ونڈوز ڈیفنڈر ریئل ٹائم پروٹیکشن بھی فراہم کرتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ یہ پس منظر میں آپ کے سسٹم پر مسلسل نظر رکھتا ہے اور اگر کوئی مشکوک واقعہ پیش آئے تو آپ کو متنبہ کرتا ہے۔

2.7 سسٹم دستاویزات اور لاگز

سوال 23: مینٹیننس کیلنڈر اور مناسب ریکارڈز اور لاگ انفو رکھنے کی اہمیت بیان کریں؟

جواب: مینٹیننس کیلنڈر رکھنا:

بنیادی مینٹیننس کے کاموں کے لیے باقاعدہ شیڈول بنانا ایک اچھا خیال ہے۔ ایک مینٹیننس کیلنڈر آپ کو یاد رکھنے میں مدد کرتا ہے کہ کب سسٹم کو صاف کرنا ہے، وائرسز کے لیے اسکین کرنا ہے، یا اپ ڈیٹس کو چیک کرنا ہے۔ آپ اسے لکھ سکتے ہیں یا اپنے فون یا کمپیوٹر پر ریمائنڈرز لگا سکتے ہیں۔

مناسب ریکارڈز رکھنا: مناسب ریکارڈز رکھنا کمپیوٹر سسٹم کی مینٹیننس کا ایک اہم حصہ ہے۔ جب ہم دستاویز کرتے ہیں کہ ہم نے کیا کیا، جیسے سافٹ ویئر انسٹال کرنا، مسائل ٹھیک کرنا، یا اپ ڈیٹس کرنا، تو مستقبل میں سسٹم کا نظم و نسق اور ٹربل شوٹنگ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ یہ سیکشن سسٹم دستاویزات کی بنیادی باتوں کو آسان اور عملی طریقے سے بیان کرتا ہے۔

معروضی طرز سوالات

اضافی کثیر الانتخابی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے کثیر الانتخابی سوالات

تعارف

1- آپ مینٹیننس کی تعریف کیسے کریں گے؟

(A) محفوظ موڈ سیٹنگ (B) خرابیوں کا پتہ لگانا (C) سیکیورٹی چیکنگ (D) اوپر کے تمام

2- UEFI کا مکمل فارم کیا ہے؟

(A) Unified External File Interaction (B) Unified Extensible Firmware Interface

(C) Unified Extensible File Interface (D) Unified External Firmware Interface

3- سسٹم مینٹیننس میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا شامل نہیں ہے؟

(A) ڈسک کلین اپ (B) وائرس اسکین (C) ونڈوز انسٹالیشن (D) اپ ڈیٹس

www.ilmkidunya.com

4- سسٹم ریکوری ________ ڈیوائس کے ذریعے کی جاتی ہے؟
(A) سی ڈی (B) یو ایس بی فلیش ڈرائیو (C) ایس ایس ڈی (D) اوپر کے تمام

2.1 پوسٹ ٹربل شوٹنگ کا تعارف

www.ilmkidunya.com

5- پوسٹ ٹربل شوٹنگ کا مطلب ہے:
(A) مسئلے کی نشاندہی کرنا (B) کنیکٹیویٹی چیک کرنا (C) یہ جاننا کہ کیا کارروائی کی گئی ہے (D) ٹربل شوٹنگ مکمل کرنا

6- ٹربل شوٹنگ کیوں اہم ہے؟
(A) مستقبل میں اسی مسئلے سے بچنا (B) فزیکل کنکشنز کو باقاعدگی سے چیک کرنا
(C) وائرس یا اسپائی ویئر اسکین کرنا (D) ان میں سے کوئی نہیں

7- سسٹم کو صحیح طریقے سے کام کرنے کے لیے ________ کی ضرورت ہوتی ہے:
(A) باقاعدہ بیک اپ (B) باقاعدہ صفائی (C) باقاعدہ انسٹالیشنز (D) باقاعدہ اپ ڈیٹس

8- کمپیوٹر سست ہو جاتا ہے اس کی وجہ:
(A) ریم کا زیادہ سے زیادہ استعمال (B) مختلف اجزاء کے درمیان بھاری ڈیٹا ٹریفک
(C) ورچوئل میموری کا وجود (D) اوپر کے تمام

9- غیر ضروری فائلوں کو ہٹانے کا کیا فائدہ ہے؟
(A) کمپیوٹر کا کام کرنا سست ہو جاتا ہے (B) کمپیوٹر کی کارکردگی ہموار ہو جاتی ہے
(C) مسائل کا پتہ لگانا آسان ہو جاتا ہے (D) باقاعدہ اپ ڈیٹ آسان ہو جاتا ہے

10- اگر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس نہ کی جائیں، تو یہ کمپیوٹر کی ________ کا سبب بن سکتا ہے؟
(A) سیکیورٹی (B) صفائی (C) اعتمادیت (D) رفتار

11- عارضی فائلیں سسٹم کو ________ کر سکتی ہیں:
(A) کریش (B) غیر محفوظ (C) ناقابل اعتبار (D) سست

12- جب ایپ یا سسٹم کو صحیح طریقے سے اپ ڈیٹ نہ کیا جائے تو یہ کس کا سبب بن سکتا ہے؟
(A) کارکردگی (B) ڈیٹا کا نقصان (C) سیکیورٹی رسک (D) ہارڈ ویئر کا نقصان

13- جب سسٹم فریز ہو جائے، تو بنیادی وجہ؟
(A) ایپ صحیح طریقے سے انسٹال نہ ہو (B) ایپ صحیح طریقے سے اپ ڈیٹ نہ ہو
